آپ معاویہ بن ابی سفیان صخر بن حرب بن اُمیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی ابو عبدالرحمٰن القرشی الاموی' مومنین کے ماموں اور رب العالمین کی وحی کے کاتب ہیں۔ آپ' آپ کے باپ اور آپ کی والدہ ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس نے فتح مکہ کے روز اسلام قبول کیا اور حضرت معاویہ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے عمرۃ القضا کے روز اسلام قبول کیا لیکن میں نے اپنے اسلام کو فتح مکہ کے دن تک اپنے باپ سے چھپائے رکھا اور آپ کا باپ جاہلیت میں قریش کے سادات میں سے تھا اور جنگ بدر کے بعد قریش کی سرداری اس کی طرف لوٹ آئی تھی اور وہ اس جانب سے امیر جنگ ہوتا تھا اور وہ ایک مطاع اور بہت مال دار سردار تھا' اس نے کہا: یا رسول اللہ! مجھے حکم دیجئے کہ میں کفار کے ساتھ اسی طرح جنگ کروں جیسے میں مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرتا تھا۔ آپ نے فرمایا: بہت اچھا' اس نے کہا: معاویہ کو آپ اپنا کاتب بنالیں' آپ نے فرمایا: بہت اچھا' پھر اس نے گزارش کی کہ رسول اللہ ﷺ اس کی بیٹی عزۃ بنت ابی سفیان سے نکاح کر لیں اور اس نے اس بارے میں اس کی بہن ام حبیبہؓ سے مدد لی۔ مگر یہ نکاح نہ ہوسکا اور رسول اللہ ﷺ نے واضح کیا کہ یہ آپ کے لیے جائز نہیں ہے اور ہم نے اس حدیث کے بارے میں کسی اور جگہ گفتگو کی ہے اور اس کے لیے ایک الگ تصنیف کی ہے۔

حاصل کلام یہ کہ حضرت معاویہ دیگر کاتبانِ وحی کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی وحی کو لکھا کرتے تھے اور جب شام فتح ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے بھائی یزید بن ابی سفیان کے بعد انہیں دمشق کی نیابت پر مقرر کیا اور حضرت عثمان بن عفانؓ نے بھی آپ کو اس پر برقرار ر[illegible] زگنبد بنایا اور وہا[illegible] ابن عساکر کا ہے' اور جب حضرت [illegible] کے خلافت سنبھالی تو آپ کے بہت سے امراء نے جو حضر[illegible] مشورہ دیا کہ آپ حضرت معاویہؓ کو شام سے معزول کر دیں اور حضرت سہلؓ بن حنیف کو وہاں کا ا[illegible] معاویہ رضی اللہ عنہ کو معزول کر دیا مگر ان کی معزولی درست نہ ہوئی اور اہل شام کی ایک جماعت آ[illegible] حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شام سے روک دیا اور فرمایا جب تک وہ حضرت عثمانؓ کے قاتلوں کو میرے [illegible] کروں گا' بلاشبہ وہ مظلومانہ طور پر قتل ہوئے ہیں (ومن قتل مظلوما فقد جعلنا لولیہ سلطانا) کے ولی کو اقتدار عطا کیا ہے' اور طبرانی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا اس کی رو سے حضرت معاویہؓ حکومت پر تسلط پائیں گے' اور ہم نے اس آیت کی تفسیر کے موقع پر

محمد بن ابی بکر نے کی سیدنا عثمانؓ کی بدترین توہین و گستاخی

جن تاریخی کتب سے سیدنا معاویہؓ و بنو امیہ کے خلاف جھوٹی روایات پیش کرتے ہو اور پھر کہتے ہو تاریخی روایات میں اسناد کی ضرورت نہیں وہ محمد بن ابی بکر کے خلاف پھر کیوں خاموش ہیں؟

کے پلٹ گیا' پھر محمد بن ابی بکرؓ تیرہ آدمیوں کے ہمراہ آیا' وہ عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچ گیا' آ ... ے داڑھیں گرنے کی آواز سنی گئی۔

محمد بن ابی بکرؓ نے کہا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ آپ کے کام نہ آیا' ابن عامر آپ کے کا ... ے کام نہ آئے' فرمایا: اے میرے بھتیجے میری داڑھی تو چھوڑ دے' اے میرے بھتیجے میری داڑھی ...

راوی نے کہا کہ میں نے اس قوم کے ایک شخص سے مدد طلب کرنا دیکھا جو اس کی ... ی طرف کھڑا ہوا یہاں تک کہ وہ اس نے آپ کے سر میں ماردی' راوی نے کہا کہ جو وہیں ٹو ... ر واللہ ان لوگوں نے آپ پر ایک دوسرے کی مدد کی' یہاں تک کہ آپ کو قتل کر دیا۔

قرآن شہادت عثمان کا گواہ:

عبدالرحمٰن بن محمد بن عبد سے مروی ہے کہ محمد بن ابی بکر' عمرو بن حزم کے مکان کی دیوار پر چڑھ کے عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا' اس کے ہمراہ کنانہ بن بشر بن عتاب' سودان بن حمران اور عمرو بن الحمق بھی تھا' انہوں نے عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنی زوجہ نائلہ کے پاس پایا جو قرآن میں سورۃ البقرہ پڑھ رہے تھے۔

محمد بن ابی بکر ان سب کے آگے بڑھا' عثمان رضی اللہ عنہ کی داڑھی پکڑ لی اور کہا' او بوڑھے احمق خدا تجھے رسوا کرے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا' میں بوڑھا احمق (نعثل) نہیں ہوں' میں اللہ کا بندہ اور امیر المومنین ہوں محمد نے کہا کہ فلاں فلاں اور معاویہ رضی اللہ عنہ آپ کے کام نہ آئے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے میرے بھتیجے میری داڑھی تو چھوڑ دے' تیرے باپ تو ایسے نہ تھے کہ اس چیز کو پکڑیں جو تو نے پکڑی۔ محمد نے کہا کہ میں آپ کے ساتھ جو کرنا چاہتا ہوں وہ داڑھی پکڑنے سے زیادہ سخت ہے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تیرے مقابلے میں اللہ سے نصرت چاہتا ہوں اور اسی سے مدد مانگتا ہوں۔

اس نے برچھی جو اس کے ہاتھ میں تھی آپ کی پیشانی میں ماردی' کنانہ بن بشر بن عتاب نے وہ برچھیاں اٹھائیں جو اس کے ہاتھ میں تھیں اور عثمان رضی اللہ عنہ کے کان کی جڑ میں گھونپ دیں جو جاتے جاتے آپ کے حلق کے اندر پہنچ گئیں' پھر وہ تلوار لے کے آپ کے اوپر چڑھ گیا اور قتل کر دیا۔

عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز نے کہا کہ میں نے ابن ابی عون کو کہتے سنا کہ کنانہ بن بشر نے آپ کی پیشانی اور سر کے اگلے حصے پر ایک لوہے کی سلاخ ماری جس سے وہ کروٹ کے بل گر پڑے۔ پھر سودان بن حمران المرادی نے تلوار مار کے قتل کر دیا۔ لیکن عمرو بن الحمق کود کے عثمان رضی اللہ عنہ پر آیا' سینے پر بیٹھ گیا' حالانکہ آپ میں تھوڑی جان باقی تھی' اس نے آپ کے نو زخم لگائے اور کہا کہ ان میں سے تین تو میں نے اللہ کے لیے لگائے ہیں اور چھ اس غصے کی وجہ سے جو میرے قلب میں ان پر ہے۔

آخری کلمات:

زبیر بن عبداللہ نے اپنی دادی سے روایت کی کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ کو کنانہ نے برچھیوں سے مارا تو آپ نے فرمایا: بسم اللہ' میں اللہ ہی پر توکل کرتا ہوں۔ خون ان کی داڑھی پر بہہ کر ٹپک رہا تھا' قرآن سامنے تھا' انہوں نے اپنے بائیں پہلو پر تکیہ لگا لیا

سیدنا علیؓ فرماتے ہیں:

مجھے نہیں پتہ عثمانؓ مظلوم قتل ہوئے یا انہیں ظلم سے قتل کیا گیا

جو تاریخی روایات بغیر سند کے ماننے کے قائل ہیں وہ جواب دیں کیا سیدنا علیؓ متعلق یہ مان لیں گے کہ وہ عثمانؓ متعلق یہ سوچ رکھتے تھے؟ اور قصاص نہ لینے کی وجہ بھی انکی یہی سوچ تو نہیں تھی؟

مسلمہ کے لیے مغفرت طلب کرتا ہوں۔

دونوں قاصدوں نے سوال کیا۔ کیا آپ اس کی گواہی دیتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم شہید کیے گئے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''نہ تو میں یہ کہتا ہوں کہ وہ مظلوم قتل کیے گئے اور نہ یہ کہنے کے لیے تیار ہوں کہ وہ ظالم قتل کیے گئے''۔

قاصدوں نے جواب دیا:

''جس شخص کا اس پر یقین نہ ہو کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم شہید ہوئے تو ہم ان سے بری ہیں اور ہم سے ان کا کوئی تعلق نہیں''۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ اِنَّکَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰی وَ لَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَ لَّوۡا مُدۡبِرِیۡنَ وَ مَاۤ اَنۡتَ بِھٰدِی الۡعُمۡیِ عَنۡ ضَلٰلَتِھِمۡ اِنۡ تُسۡمِعُ اِلَّا مَنۡ یُّؤۡمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَھُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴾

''یقیناً نہ تو آپ مردوں کو اپنی بات سنا سکتے ہیں اور نہ ان بہروں کو جو پشت پھیر کر چل دیں اور نہ آپ انھیں گمراہی سے نکال کر راہ دکھا سکتے ہیں۔ آپ کی بات تو وہی شخص سنے گا جو ہماری آیات پر ایمان رکھتا ہو ایسے ہی لوگ تابعدار ہیں''۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہو کر فرمایا تم اپنے پروردگار کی اطاعت اور حق پر چلنے کی کوشش کرتے رہو۔ یہ لوگ حق دار نہیں وہ اپنی گمراہی میں تم سے زیادہ کوشش کریں۔

عدی ابن حاتم رضی اللہ عنہ اور عائذ ابن قیس کا علم برداری پر جھگڑا:

ابو مخنف نے جعفر ابن حذیفہ کا یہ بیان نقل کیا ہے اور یہ شخص عام
کے موقع پر عائذ ابن قیس الحمیری نے علم کے معاملے میں حضرت عدی ا
ایک کثیر جماعت تھی جس کے باعث وہ علمبرداری کا مستحق تھا۔ لیکن جن
خلیفۃ الطائی البولانی نے بنوحزمر سے مخاطب ہو کر کہا اے بنوحزمر، تم عدی
تم میں ایک شخص بھی عدی رضی اللہ عنہ کے درجہ کا نہیں اور نہ تمہارے آباواجداد
اور رشتہ داروں کی مدد نہیں کرتا' کیا وہ اس شخص کا بیٹا نہیں ہے جو سیر ابی
میں سے نہ تھا جو مال غنیمت میں سے چوتھ لیا کرتا تھا کیا یہ عرب کے سب
لٹایا کرتا تھا اور پڑوس کی حفاظت کرتا۔ کیا عدی رضی اللہ عنہ وہ شخص نہیں ہیں جنہ
نہ آج تک کوئی جہالت کا کام کیا اور نہ بخل سے کام لیا تم اس کے باپ جی
لے آؤ کیا تمہارے خاندان میں بہ لحاظ اسلام عدی رضی اللہ عنہ سب سے افضل
کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے کیا نخیلہ' قادسیہ' مدا

سیدنا معاویہؓ نے فرمایا کاش! علیؓ کا قاتل علیؓ پر قدرت نہ پائے

مولانا مودودی، اسحاق جھالوی اور مرزا جہلمی یہ سب کذاب سیدنا معاویہؓ متعلق نفرت والی جھوٹی تاریخی روایات تو بیان کرتے ہیں یہ بیان کیوں نہیں کرتے؟ کیا یہ تاریخ انہی کتب میں نہیں؟

بڑھا کر اسے پکڑ لیا قاتل نے کہا میرے پاس ایک ایسی خبر ہے جس کے سننے سے آپ خوش ہو جائیں گے اور اگر میں آپ سے وہ خبر بیان کر دوں گا تو آپ کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اچھا وہ خبر بیان کرو۔

برک نے جواب دیا آج میرے بھائی نے علی رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہوگا۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ: کاش! تیرا بھائی ان پر قدرت نہ پا سکے۔

برک: کیوں نہیں۔ اس لیے کہ علی رضی اللہ عنہ جب باہر نکلتے ہیں تو ان کے ساتھ کوئی محافظ نہیں ہوتا۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس کے قتل کا حکم دیا اور وہ قتل کر دیا گیا۔

اس کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ساعدی کو طلب کیا یہ ایک طبیب تھا اس نے جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زخم کو دیکھا تو کہا اے امیر تم دو باتوں میں سے ایک بات پسند کر لو یا تو میں لوہا جلا کر اس زخم کی جگہ پر لگا دیتا ہوں یا آپ اسے پسند کر لیں کہ میں آپ کو پینے کے لیے ایک ایسا شربت دوں جس سے آئندہ آپ کے کوئی اولاد نہ ہو۔ کیونکہ تلوار زہر آلود تھی۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا آگ تو میں برداشت نہیں کر سکتا۔ رہا اولاد نہ ہونا تو یزید اور عبداللہ انھی دونوں سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ طبیب نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ... ہوئی۔

اس کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ...

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سجدے میں جاتے تو پولیس ...

خارجۃ ابن حذافہ رضی اللہ عنہ کا قتل:

اسی رات عمرو بن بکر بھی عمرو بن ال... آئے کیونکہ ان کے پیٹ میں تکلیف تھی۔ عم... دستہ میں تھے اور بنو عامر بن لوی کے خاندان ... سمجھ کر ان پر حملہ کر دیا اور انہیں قتل کر دیا لوگ... اس طرح سلام کر رہے تھے جیسے حاکم کو سلا... العاص رضی اللہ عنہ ہیں۔

عمرو بن برک: تو پھر میں نے کسے ...

لوگ: خارجۃ بن حذافہ ...

عمرو بن برک: اے فاسق (یعنی ...

عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ: ہاں تو نے میرا ار...

اس کے بعد عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے آگے ...

جو ان تاریخی کتب سے سیدنا معاویہؓ اور بنو امیہ کے خلاف جھوٹی و جعلی روایات بیان کرتے ہیں وہ اسی کتاب سے یہ فضائل معاویہؓ بیان کیوں نہیں کرتے؟ اسحاق جھالوی کو ہمیشہ جھوٹ اور گند ہی نظر آیا تاریخی کتب سے یہ سب کیوں نظر نہیں آیا؟

اور ابوعوانہ نے عن سلیمان عن عمرو بن مرۃ عن عبداللہ بن الحارث عن زہیر بن الاقمر الزبیدی عن عبداللہ بن عمرو بیان کیا ہے کہ

حضرت معاویہؓ، حضرت نبی کریم ﷺ کے کاتب تھے اور ابوالقاسم طبرانی نے بیان کیا ہے کہ احمد بن محمد صیدلانی نے ہم سے بیان کیا کہ السری نے بحوالہ عاصم ہم سے بیان کیا کہ عبداللہ بن یحییٰ بن ابی کثیر نے اپنے باپ ہشام بن عروہ سے، بحوالہ حضرت عائشہؓ ہم سے بیان کیا آپ فرماتی ہیں کہ جب حضرت ام حبیبہؓ کے ہاں حضرت نبی کریم ﷺ کی باری تھی تو ایک کھٹکھٹانے والے نے دروازہ کھٹکھٹایا، حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا، دیکھو کون ہے؟ لوگوں نے کہا حضرت معاویہؓ ہیں' آپؐ نے فرمایا انھیں اجازت دو' آپ اندر آئے تو آپ کے کان میں قلم تھا جس سے آپ لکھتے تھے آپؐ نے پوچھا اے معاویہ آپ کے کان پر یہ قلم کیسا ہے؟ آپ نے

جواب دیا میں نے اس قلم کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے لیے تیار کیا ہے' آپؐ نے انھیں فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے نبی کی طرف سے جزائے خیر دے' خدا کی قسم میں نے وحی الٰہی سے آپ کو کاتب مقرر کیا ہے اور میں ہر چھوٹا بڑا کام وحی الٰہی سے کرتا ہوں' اگر اللہ تعالیٰ تجھے قمیص یعنی خلافت پہنائے تو تیرا کیا حال ہوگا' پس حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اٹھ کر آپؐ کے سامنے بیٹھ گئیں اور پوچھنے لگیں یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ انہیں قمیص پہنانے والا ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں' لیکن اس میں مصیبت پائی جاتی ہے' حضرت ام حبیبہؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! ان کے لیے اللہ سے دعا کیجیے' آپ نے فرمایا اے اللہ ہدایت سے ان کی راہنمائی فرما اور انھیں ہلاکت سے بچا اور انھیں دنیا اور آخرت میں بخش دے۔

طبرانی نے بیان کیا ہے کہ السری اس حدیث کے بیان کرنے میں عن عاصم بن عبداللہ بن یحییٰ بن ابی کثیر عن ہشام متفرد ہے اور ابن عسا کر نے اس کے بعد بہت سی موضوع احادیث بیان کی ہیں اور یہ ایک تعجب انگیز بات ہے کہ وہ اپنے حفظ و اطلاع کر باوجود اس کے متعلق اور اس کی نکارت اور اس کے رجال کے ضعف پر کیسے مطلع نہیں ہو سکے' واللہ الموفق للصواب. اور ہم نے حضرت ابوہریرہ' حضرت انس' اور حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہم کے طریق سے مرفوعاً بیان کیا ہے کہ امین تین ہیں' جبریل' میں اور معاویہ' اور یہ اپنے جمیع وجوہ سے صحیح نہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے کہ امین سات ہیں' قلم' لوح' اسرافیل' میکائیل' جبریل علیہ السلام' میں اور معاویہ اور یہ پہلی احادیث سے بھی زیادہ منکر اور اسناد کے لحاظ سے زیادہ ضعیف ہے۔

اور امام احمدؒ نے بیان کیا ہے کہ عبدالرحمٰن بن مہدی نے عن معاویہ یعنی ابی صالح عن یونس بن سیف عن الحارث بن زیاد عن ابی رہم عن العرباض بن ساریہ سلمی ہم سے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ماہ رمضان میں ہمیں سحری کی طرف بلاتے سنا کہ صبح کے بابرکت کھانے کی طرف آؤ' پھر میں نے آپ کو فرماتے سنا۔ اے اللہ معاویہ

احمد اس کی روایت میں متفرد ہیں اور ابن جریر نے اسے ابن مہدی کی حدیث سے رو

بن السری اور عبدالرحمٰن بن صالح نے معاویہ بن صالح سے اس جیسے اسناد سے روایت

کہ اسے جنت میں داخل کر اور ابن عدی وغیرہ نے اسے عثمان بن عبدالرحمٰن الجمحی ک

روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے اللہ معاویہ کو حساب و کتاب سکھا

کیا ہے کہ سلیمان بن حرب اور حسین بن موسیٰ الاشہب نے ہم سے بیان کیا کہ ابو ہلا

نے بحوالہ مسلمہ بن مخلد ہم سے بیان کیا اور اشہب نے بیان کیا ہے کہ ابو ہلال نے بیا

حرب نے بیان کیا ہے کہ مسلمہ نے کسی شخص کے حوالہ سے اس سے

حضرت عمرو بن العاصؓ سے کہا بلاشبہ تیرا یہ عمزاد بہت کھانے والا

اللہ ﷺ کو بیان کرتے سنا ہے کہ اے اللہ اسے کتاب سکھا اور اس

کئی تابعین نے اسے مرسل قرار دیا ہے' جن میں زہری' عروہ بن رویم' جریر بن عثمان

سیدنا معاویہؓ نے قاتلینِ عثمانؓ کے گھر اڑا دیئے

خلافت و ملوکیت کتاب میں موجود جھوٹی تاریخی روایات بیان کرنے والے اسطرح کی تاریخی روایات بیان کیوں نہیں کرتے؟

عبداللہ بن ینار الاسلمی نے اپنے والد سے روایت کی کہ جب معاویہ رضی اللہ عنہ نے حج کیا تو قبیلہ اسلم کے مکانوں کے راستے بازار کی طرف دیکھ کے حکم دیا کہ سامنے عمارت بنا کے ان کے گھر تاریک کردو' اللہ ان قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ کی قبریں تاریک کرے۔

نیار بن مکرم نے کہا کہ میں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میرا گھر تاریک ہوگیا' میں ان چار اشخاص میں سے ہوں جنہوں نے امیر المومنین کا جنازہ اٹھایا' دفن کیا اور ان پر نماز پڑھی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے انہیں پہچان لیا' اور کہا کہ تعمیر منقطع کردو۔ ان کے گھر کے آگے عمارت نہ بناؤ۔

معاویہ رضی اللہ عنہ نے مجھے تنہائی میں بلا کے کہا کہ کب تم نے انہیں اٹھایا' کب دفن کیا اور کس نے ان پر نماز پڑھی؟ میں نے کہا کہ ہم نے انہیں شب شنبہ کو مغرب وعشاء کے درمیان اٹھایا۔ میں تھا اور جبیر ابن مطعم رضی اللہ عنہ تھے' حکیم بن حزام اور ابوجہم بن حذیفہ العدوی تھے' جبیر ابن مطعم رضی اللہ عنہ آگے بڑھے' انہوں نے ان پر نماز پڑھی (ہم نے اقتداء کی) معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان کی تصدیق کی۔ حقیقت میں یہی لوگ تھے جو قبر میں اترے تھے۔

محمد بن یوسف سے مروی ہے کہ نائلہ بنت الفرافصہ اسی شب میں نکلیں' آگے اور پیچھے سے اپنا گریبان چاک کیے ہوئے تھیں' ہمراہ ایک چراغ تھا اور چلا رہی تھیں کہ "ہائے امیر المومنین"' جبیر بن مطعم نے کہا کہ چراغ گل کردو کہ ہم لوگ پہچان نہ لیے جائیں' کیونکہ میں نے ان باغیوں کو دیکھا ہے جو دروازے پر تھے' اس پر انہوں نے چراغ گل کردیا۔

وہ لوگ جنازہ لے کے بقیع پہنچے' جبیر بن مطعم نے نماز پڑھی' ان کے پیچھے حکیم بن حزام' ابوجہم بن حذیفہ' نیار بن مکرم الاسلمی اور عثمان کی دو بیویاں نائلہ بنت الفرافصہ اور ام البنین بنت عیینہ تھیں۔

قبر میں نیار بن مکرم' ابوجہم بن حذیفہ اور جبیر بن مطعم اترے' حکیم ابن حزام' ام البنین اور نائلہ لوگوں کو قبر کا راستہ بتا رہی تھیں' انہوں نے لحد بنائی اور ان کو داخل کردیا' زیارت کے بعد سب متفرق ہوگئے۔

عبداللہ البہی سے مروی ہے [illegible] ہمراہ نماز پڑھی جو مع جبیر کے سترہ تھے۔

ابن سعد (مؤلف) نے کہا [illegible] ثابت ہے۔ ربیع بن مالک بن ابی عامر نے اپنے والد سے روایت کی کہ [illegible] کے اٹھانے والوں میں سے ایک تھا' ہم نے انہیں ایک دروازے پر اٹھایا' [illegible] یں باغیوں کا بڑا خوف لگا تھا' یہاں تک کہ ہم نے انہیں قبر میں جو حش کوکب [illegible]

عبدالرحمٰن بن ابی زناد سے [illegible] ایا' جبیر بن مطعم' حکیم بن حزام' نیار بن مکرم الاسلمی اور ایک جوان عرب [illegible] کے دادا تھے' تو انہوں نے کہا کہ مجھے نام نہیں بتایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اور [illegible] اسی وجہ سے میں ان کی رعایت کرتا ہوں۔ ابوعثمان سے مروی ہے کہ عثمان [illegible] قتل کیے گئے۔

طبقات ابنِ سعد

جلد دوم

مصنف محمد بن سعد

طبقات الکبریٰ

نفیس اکیڈمی

محمد بن ابی بکر نے کی سیدنا عثمانؓ کی بدترین توہین و گستاخی

تاریخ طبری وغیرہ سے سیدنا معاویہؓ کے خلاف جھوٹی سے جھوٹی روایت بھی انکو مل جائے تو دھڑلے سے بیان کرتے ہیں مگر اپنے مطلب کے خلاف اسطرح کی روایت کو کبھی بیان نہیں کریں گے، یہ ہے انکی دوغلی پالیسی

اس نے تلوار ان کے سینے پر ماری اور غروب آفتاب سے پہلے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے۔

بیت المال کو لوٹنا:

اس وقت ایک شخص اعلان کر رہا تھا ''آپ کو شہید نہ کیا جائے اور آپ کا مال نہ لوٹا جائے'' مگر ان لوگوں نے ہر چیز لوٹ لی پھر یہ لوگ جلدی سے بیت المال کی طرف گئے' دونوں (محافظ) اشخاص چابیاں پھینک کر بھاگ گئے۔ آواز بلند ہوئی کہ ''بھاگو بھاگو یہ لوگ یہی چاہتے ہیں''۔

گھر میں گھسنا:

عبدالرحمٰن بن محمد روایت کرتے ہیں ''محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ' عمرو بن حزم کے گھر سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کی دیوار پر چڑھ گئے تھے ان کے ساتھ کنانہ بن بشر' سودان ابن حمران اور عمرو بن الحق تھے۔ انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنی بیوی نائلہ کے پاس پایا آپ قرآن مجید میں دیکھ کر سورۂ بقرہ تلاوت کر رہے تھے۔ محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی داڑھی پکڑ لی اور کہا:

نازیبا الفاظ:

''اے بوڑھے بے وقوف! اللہ نے تمہیں ذلیل و رسوا کر دیا'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ''میں بوڑھا بے وقوف نہیں ہوں بلکہ اللہ کا بندہ اور امیر المومنین ہوں'' محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نے کہا ''معاویہ رضی اللہ عنہ اور دوسرے لوگ تیرے کام نہیں آئے'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''اے میرے بھتیجے! تم میری داڑھی چھوڑ دو کیونکہ تمہارا باپ اس (داڑھی) کو جسے تم پکڑے ہوئے ہو نہیں پکڑتا تھا''۔

محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی بدکلامی:

محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نے کہا ''اگر میرے والد تمہارے یہ اعمال دیکھتے تو انہیں سخت ناپسند کرتے اور ابھی جو کارروائی تمہارے ساتھ ہوگی' وہ اس داڑھی پکڑنے سے زیادہ سخت ہوگی'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''میں تمہارے مقابلے میں اللہ ہی سے مدد کا طالب ہوں''۔

شہادت کا مزید حال:

اس کے بعد انھوں نے اپنا بھالا آپ کی پیشانی پر مارا اور کنانہ بن بشر نے اسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گوش مبارک میں گھسا کر حلق میں داخل کر دیا۔ اس کے بعد تلوار لے کر آپ کو شہید کر دیا۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

دوسری روایت:

عبدالرحمٰن بن محمد روایت کرتے ہیں ''میں نے ابوعون کو یہ روایت کرتے ہوئے سنا ہے۔ کنانہ بن بشر نے اور سر کے اگلے حصے پر لوہے کی سلاخ ماری اس کی وجہ سے آپ پیشانی کے بل گر پڑے اس وقت سودان بن حمران مار کر آپ کو شہید کر دیا۔

تاریخ طبری
تاریخ الامم والملوک
جلد سوم
خلافت حضرت عمرؓ سے لے کر خلیفہ چہارم حضرت علیؓ تک
تصنیف
نفیس اکیڈمی

مولانا مودودی اور اسحاق جھالوی تاریخی کتب سے صلح حسنؓ کی جھوٹی شرائط پیش کرنے والے پھر یہ تاریخی روایات بھی مان لیں کہ قاتلینِ عثمانؓ سیدنا عثمانؓ کو قتل کرنے کے بعد علیؓ کے پاس گئے اور بیعت کر لی، سب سے پہلے بیعت کرنے والا مالک اشتر تھا اور اسکا اعتراف صحیح سند سے قتل کا ثابت بھی ہے (مصنف ابن ابی شیبہ 38912 و سندہ حسن) سیدہ صفیہؓ نے اشتر کو کتا بھی کہا تھا (مسند ابن الجعد، ح: 2666، وسندہ صحیح) مودودی خود کہتا تھا اشتر ہی قاتل ہے ((خلافت وملوکیت، ص: 146)

تاریخ طبری
تاریخ الامم والملوک
جلد سوم
تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ
خلافتِ راشدہ حصہ اول
ترجمہ: سید محمد ابراہیم (ایم اے) ندوی
حبیب الرحمٰن صدیقی فاضل دیوبند
نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

پاس جاتے اوران سے خلافت قبول کرنے کے لیے کہتے تو وہ انکار کرتے

وَ مِنْ عَجَبِ الْاَیَّامِ وَالدَّھْرِ اِنَّنِیْ

ترجمہ: ''زمانہ کی بھی عجب حالت ہے کہ میں آج یکہ وتنہا باقی رہ گیا ہو

یہ لوگ طلحہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہہ کر کہ آپ ہی نے تو ہم سے وعدہ کیا تھا

اورانہیں خلافت قبول کرنے پر ابھارتے۔ وہ انکار کرتے اور تمثیلاً یہ شعر

مَتٰی اَنْسَتَ عَنْ دَارٍ بِقَیْحَانَ رَاحِلِیْ

ترجمہ: ''قیحان کے گھر اور میدانوں سے اب تیرا کیا واسطہ کیونکہ تو
رہے ہیں''۔

یہ لوگ زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس سے بھی یہ کہہ کر اٹھتے کہ آپ ہی
جاتے اوران سے درخواست کرتے۔ لیکن وہ بھی انکار کرتے اوران کے

لَوْ اَنَّ قَوْمِیْ طَاوَعَتْنِیْ سُرَاتُھُمْ

ترجمہ: ''اگر میری قوم کے بڑے میری بات مانتے تو میں انہیں ایسی

یہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا جواب سن کر وہاں سے چلے آتے اور یہ کہتے ہوئے آتے کہ آپ ہی نے تو ہم سے وعدہ کیا تھا۔

اشتر نخعی کی حیلہ سازی:

عمرو بن شعبہ نے' ابوالحسن المدائنی' مسلمۃ بن محارب' داؤد بن ابے ہند کے ذریعہ شعبی کا یہ بیان ذکر کیا ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو قاتلین جمع ہو کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ مدینہ کے بازار میں تھے۔ ان لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا۔ آپ اپنا ہاتھ پھیلائیے ہم آپ کی بیعت کرتے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جلدی نہ کرو کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بہت سمجھ دار اور مسلمانوں کے لیے نہایت بابرکت انسان تھے انہوں نے مجلس شوریٰ کی وصیت فرمادی تھی۔ تم لوگوں کو کچھ تو مہلت دو کہ وہ جمع ہو کر آپس میں مشورہ کر سکیں۔ یہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس سے چلے گئے۔

لیکن پھر ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ اگر عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کے بعد لوگ اسی طرح اپنے شہروں کو واپس چلے گئے اور کوئی خلیفہ متعین نہ ہو سکا تو لوگوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا اور امت میں فساد پھیل جائے گا۔ اس لیے یہ پھر دوبارہ علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور وہاں جانے کے بعد اشتر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگا خدا کی قسم! اگر آپ نے میرا ہاتھ چھوڑ دیا تو آپ بہت ہی کوتاہ نظر ثابت ہوں گے اس کے بعد اہل کوفہ اور عام لوگوں نے علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی۔

شعبی کہتے ہیں لوگ اسی باعث کہا کرتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ کی بیعت سب سے اوّل اشتر نخعی نے کی ہے۔

بنو امیہ کا مدینہ سے فرار:

مجھے سری نے شعیب' سیف' ابوحارثہ اور ابوعثمان کے حوالے سے تحریراً اس بات کی اطلاع دی ہے کہ جب حضرت عثمان غنی

سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اے لوگوں تم سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت کو ناپسند نہ کرو کیونکہ اگر تم نے انہیں کھودیا تو تمہارے سر گردنوں سے ایسے گرینگے جیسے حنظل گرتا ہے، کیا مولانا مودودی کو سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف جھوٹی تاریخ لکھتے یہ تاریخی روایت نظر نہیں آئی تھی؟ یا جان بوجھ کر اندھا بن گیا تھا؟ لکھنا تھا تو پھر سب کچھ لکھتا مگر اس نے صرف اپنا الو سیدھا کیا صرف اپنے مطلب کا لکھا پکا رافضی تھا

مصالحت کرنے کے بعد ماہ ربیع الاوّل ۴۱ھ میں کوفہ میں آئے اور عام الجماعۃ یعنی جماعت کا سال تھا اور یہ مصالحت ادرج مقام پر ہوئی اور بعض کا قول ہے کہ عراق کے مضافات میں انبار کی جانب مسکن مقام پر ہوئی اور حضرت معاویہؓ بااختیار امیر بن گئے حتیٰ کہ ۶۰ھ میں فوت ہوگئے۔

اور بعض کا قول ہے کہ حضرت معاویہؓ کی انگوٹھی کا نقش ''لکل عمل ثواب'' تھا اور بعض کہتے ہیں کہ ''لاقوۃ الا باللہ'' تھا اور یعقوب بن سفیان نے بیان کیا ہے کہ ابوبکر بن ابی شیبہ اور سعید بن منصور نے ہم سے بیان کیا کہ ابومعاویہ نے ہم سے بیان کیا کہ اعمش نے عمرو بن مرۃ سے بحوالہ سعید بن سوید ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہؓ نے کوفہ سے باہر نخیلہ مقام پر ہمیں دھوپ میں جمعہ کی نماز پڑھائی پھر ہمیں خطبہ دیا اور کہا' میں نے تم سے اس لیے جنگ نہیں کی کہ تم روزے رکھو اور نہ اس لیے کہ تم نماز پڑھو اور نہ اس لیے کہ تم حج کرو اور نہ اس لیے کہ تم زکوٰۃ دو' مجھے معلوم ہے کہ تم یہ کام کرتے ہو لیکن میں نے تم سے اس لیے جنگ کی ہے کہ میں تم پر امیر بن جاؤں اور اللہ تعالیٰ نے تمہاری ناپسندیدگی کے باوجود مجھے امارت دے دی ہے۔ ایسے محمد بن سعد نے لیلیٰ بن عبید سے بحوالہ اعمش روایت کیا ہے اور محمد بن سعد نے بیان کیا ہے کہ عارم نے ہم سے بیان کیا کہ حماد بن یزید نے معمر سے بحوالہ زہری ہم سے بیان کیا کہ حضرت معاویہؓ نے دو سال' حضرت عمرؓ کے وہ کام کیے جن میں کمی رہ گئی تھی پھر وہ ان کاموں سے دور ہوگئے اور نعیم بن حماد نے بیان کیا ہے کہ ابن فضیل نے السری بن اسماعیل سے بحوالہ شعبی ہم سے بیان کیا کہ سفیان بن اللیل نے مجھ سے بیان کیا کہ جب حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کوفہ سے مدینہ آئے تو میں نے انہیں کہا ''اے مومنین کو ذلیل کرنے والے'' آپ نے فرمایا ایسا نہ کہو میں نے رسول اللہ ﷺ کو بیان کرتے سنا ہے کہ شب وروز ختم نہ ہوں گے حتیٰ کہ معاویہ بادشاہ بن جائیں گے' پس مجھے معلوم ہوگیا کہ اللہ کا حکم ہوکر رہنے والا ہے پس میں نے پسند نہ کیا کہ میرے اور ان کے درمیان مسلمانوں کے خون بہائے جائیں' اور مجالد نے شعبی سے بحوالہ حارث اعور بیان کیا ہے کہ حضرت علیؓ نے صفین سے واپسی کے بعد فرمایا اے لوگو! معاویہ کی امارت کو ناپسند نہ کرو اور اگر تم نے اسے کھودیا تو تم سروں کو ان کے کندھوں سے حنظل کی طرح اڑتا دیکھو گے اور ابن عساکر نے اپنے اسناد سے بحوالہ ابوداؤد طیالسی

...ت سے بحوالہ اسود بن یزید ہم سے بیان کیا' و. بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا'
...طلقاء میں سے ہے اور خلافت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے جھگڑا کرتا ہے'
...سے تعجب نہیں کرتا کہ یہ اقتدار الٰہی ہے جسے وہ نیک اور بد کو دیتا ہے اور اس نے فرعون کو اہل
...طرح دیگر کفار کو بھی۔

...بن محمد نے مجھ سے بیان کیا کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حج کرنے کے ارادے سے مدینہ
...گئے اور دونوں نے علیحدگی میں گفتگو کی اور ان کی گفتگو کے وقت ذکوان ابوعمر اور حضرت عائشہؓ
...حضرت عائشہؓ نے فرمایا تو اس بات سے بے خوف ہے کہ میں تیرے لیے ایک شخص کو چھپادوں
...کے بدلے میں قتل کردے؟ حضرت معاویہؓ نے کہا آپ نے مجھ سے درست کہا ہے پس جب
...چیت ختم ہوگئی تو حضرت عائشہؓ نے تشہد پڑھا پھر اللہ تعالیٰ نے جس ہدایت اور دین حق کے

ابن ملجم کی سیدنا حسنؓ کو پیشکش

چوتھے خلیفہ راشد سیدنا علیؓ کے قاتل ابن ملجم خارجی نے سیدنا حسنؓ کو پیشکش کی کہ اگر وہ مجھے چھوڑ دیں تو بدلے میں، میں معاویہؓ کو قتل کر دوں گا، سیدنا حسنؓ نے فرمایا تم آگ کو مزید بھڑکانا چاہتے ہو اسکے بعد ابن ملجم کا سر اڑا کر جہنم واصل کر دیا گیا

تعالیٰ تم پر برے لوگوں کو حاکم بنا دے گا پھر تم دعا کرو گے اور تمہاری
میں مال خرچ کرو۔ پشت دکھانے، قطع رحمی اور تفرقہ اندازی سے
ے کی اعانت کرو اور نافرمانی اور سرکشی میں کسی کی اعانت نہ کرو اور
ند تعالیٰ تمہاری، تمہارے اہل بیت کی حفاظت کرے جیسے اس نے
ں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور تم پر سلام اور اللہ کی رحمت بھیجتا

تاریخ طبری
تاریخ الامم والملوک
جلد سوم
تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ
خلافتِ راشدہ حصہ دوم (۳۵ھ تا ۴۰ھ)
ترجمہ: حبیب الرحمٰن صدیقی فاضل دیوبند

اس حصہ میں حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے بعد مدینہ میں جو واقعات پیش آئے حضرت علیؓ کی بیعت، حضرت عائشہؓ اور حضرت زبیرؓ وغیرہ کا اختلاف جنگ جمل، جنگ صفین، واقعہ تحکیم، فرقہ خارجیہ سے حضرت علیؓ کی جنگ اور شہادت کے حالات تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔

نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

رہے حتیٰ کہ طائر روح عالم بالا کو پرواز کر گیا آپ کی شہادت رمضان ۴۰ھ
ن جعفر رضی اللہ عنہم نے غسل دیا تین کپڑوں میں آپ کو کفن دیا گیا جس میں قمیض
میں نو تکبیرات کہیں پھر چھ ماہ تک حضرت حسن رضی اللہ عنہ والی رہے۔

ے مثلہ سے منع فرمایا اور پھر فرمایا:
ں کے خون نہ بہا دینا۔ اور یہ کہتے پھرو کہ امیر المومنین قتل کر دیئے
گئے ہیں۔ سوائے میرے قاتل کے کسی کو قتل نہ کرنا" اے حسن رضی اللہ عنہ! اگر میں اس کے وار سے مر جاؤں تو تو بھی قاتل کو
ایک ہی وار سے ختم کرنا کیونکہ ایک وار کے بدلے میں ایک وار ہونا چاہیے اور اس شخص کا مثلہ نہ کرنا کیونکہ میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ تم لوگ مثلہ سے احتراز کرو خواہ وہ باؤلے کتے ہی کا کیوں نہ ہو"۔

قاتل کا انجام اور وصیت کی خلاف ورزی:

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ وفات پا گئے تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے ابن ملجم کو طلب کیا ابن ملجم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کہا کیا تم ایک اچھا کام کرنے پر آمادہ ہو اور وہ یہ کہ میں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ میں اسے ضرور پورا کروں گا وہ عہد میں نے حطیم کے قریب کیا تھا کہ میں علی رضی اللہ عنہ اور معاویہ رضی اللہ عنہ دونوں کو ضرور قتل کروں گا یا خود اس کوشش میں مارا جاؤں گا اگر تم یہ پسند کرو تو مجھے معاویہ رضی اللہ عنہ کو ختم کرنے کے لیے چھوڑ دو اور میں تجھ سے اللہ کے نام پر عہد کرتا ہوں کہ اگر میں اسے قتل نہ کروں یا اسے قتل کر کے زندہ بچ جاؤں تو تیرے پاس آ کر تیرے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے دوں گا۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس کام کے لیے تجھے ہرگز نہیں چھوڑ سکتا کہ تو آگ کو اور بھڑکا دے اس کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اسے آگے بڑھ کر قتل کر دیا۔ پھر لوگ اس کی لاش کو چپٹ گئے اور اس کی بوٹیاں کر کے آگ میں ڈال دیا۔

صحیح سندوں سے بھی اور تاریخی روایات میں بھی مالک اشتر کا قاتل عثمانؓ ہونا اور مختار ثقفی کا کذاب ہونا اور دعوی نبوت کرنا ثابت ہے مگر جہلمی فرقے کو خلافت و ملوکیت کتاب میں درج صحابہؓ متعلق جعلی و جھوٹا مواد قبول ہے مگر اشتر و ثقفی کے خلاف ایک لفظ قبول نہیں لعنت ایسی سوچ پہ

میری رائے یہ ہے کہ یہ جو کچھ ہو چکا ہے اس کا علاج سکون دنیا ہے او
اگر تم لوگ ہماری بیعت کرو تو یہ بھلائی اور رحمت کی خوشخبری اور بدلہ
کوئی بات نہ مانو تو یہ شر اور اس حکومت کے تباہ ہونے کی علامت ہوگی
بھلائی کی چابیاں بن جاؤ اور ہمیں مصیبت کا نشانہ نہ بناؤ کہ تم خود بھی
قسم بخدا میری یہی رائے ہے اور میں آپ کو اس طرف دعوت دیتا ہ
امت سے جس کا متاع قلیل ہے اپنی حاجت پوری کرے گا اور جو مص
چکی ہے وہ ایک عظیم بات ہے اور یہ ایک شخص کے دوسرے شخص کو قتل
کے دوسرے قبیلے کو قتل کرنے کی طرح نہیں ہے' انہوں نے جواب
جائیں اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئیں اور ان کی رائے بھی آپ جیس
قعقاع رضی اللہ عنہ نے واپس جا کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بتایا تو آپ اس با
ناپسند کرتا تھا اس نے اسے ناپسند کیا اور جس نے اسے پسند کرتا تھا
پیغام بھیجا جس میں آپ کو بتایا کہ وہ صلح کے لیے آئی ہیں' پس دونوں
دیا اور جاہلیت اور اس کی بدبختی اور اس کے اعمال کا ذکر کیا اور پھر
تعالیٰ نے ان کو ان کے نبی ﷺ کے بعد خلیفہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر متفق کر دیا پھر ان کے بعد حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ پر' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر متفق کر دیا پھر یہ واقعہ ہوا جس نے امت پر زیادتی کی' کچھ لوگوں نے دنیا طلب کی اور اللہ نے اس پر جو انعامات کیے اور جن فضیلتوں سے اسے سرفراز فرمایا' ان پر حسد کیا اور اسلام اور اس کی باتوں کو پشت کے بل واپس کرنا چاہا اور اللہ اپنے فیصلہ کو نافذ کرنے والا ہے پھر فرمایا آگاہ رہو' میں کل کوچ کرنے والا ہوں پس تم بھی کوچ کرو' اور ہمارے ساتھ کوئی ایسا شخص کوچ نہ کرے جس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل میں لوگوں کی کچھ بھی مدد کی ہو اور جب آپ نے یہ بات کہی تو ان کے رؤساء کی ایک جماعت جیسے اشتر نخعی' شریح بن اوفی' عبداللہ بن سبا المعروف با بن السوداء' سالم بن ثعلبہ' غلاب بن الہیثم اور ان کے علاوہ اڑھائی ہزار آدمی اکٹھے ہو گئے اور ان میں کوئی صحابی شامل نہ تھا والله الحمد' اور کہنے لگے' یہ کیا رائے ہے اور قسم بخدا حضرت علی رضی اللہ عنہ ان لوگوں سے کتاب اللہ کو بہتر جانتے ہیں جو حضرت عثمانؓ کے قاتلین کو تلاش کرتے ہیں اور اس کے زیادہ عامل بھی ہیں اور جو بات انہوں نے کہی ہے وہ تم سن چکے ہو' کل وہ لوگوں کو اکٹھا کریں گے اور ان کی مراد تمہاری ساری قوم سے ہے اور تم سے یہ کیسے ہوگا حالانکہ ان کی کثرت کے مقابلہ میں تمہاری تعداد قلیل ہے؟ اشتر نے کہا' حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما ہمارے بارے میں جو رائے رکھتے ہیں وہ ہمیں معلوم ہے' مگر آج تک ہمیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے کا پتہ نہیں چلا' اور اگر انہوں نے ان کے ساتھ صلح کی ہے تو انہوں نے ہمارے خون پر صلح کی ہے اور اگر یہ بات ایسے ہی ہے تو ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی حضرت عثمانؓ کے ساتھ ملا دیں گے اور لوگ ہمارے ساتھ خاموشی اختیار کر کے راضی ہو جائیں گے' ابن السوداء نے کہا تمہاری رائے بہت بری ہے' اگر ہم نے انہیں

پھر مختار کی حکومت یوں ختم ہوگئی گویا کبھی تھی ہی نہیں اور اسی طرح دیگر حکومتیں بھی ختم ہوگئیں اور مسلمان ان کے زوال سے خوش ہوگئے' اس لیے کہ وہ شخص فی نفسہ سچا نہیں تھا بلکہ جھوٹا تھا اور اس کا خیال تھا کہ جبریل علیہ السلام کے ہاتھ اس پر وحی آتی ہے۔

امام احمدؒ نے بیان کیا ہے کہ ابن نمیر نے ہم سے بیان کیا کہ قاری عیسیٰ ابوعمیر بن السدی نے بحوالہ رفاعۃ القبابی ہم سے بیان کیا کہ میں مختار کے پاس گیا تو اس نے مجھے تکیہ دیا اور کہنے لگا اگر میرا بھائی جبرئیل علیہ السلام اس سے نہ اٹھتا تو میں اسے تیرے لیے پھینک دیتا۔

راوی بیان کرتا ہے میں نے چاہا کہ اسے قتل کر دوں' راوی بیان کرتا ہے میں نے ایک حدیث بیان کی جو میرے بھائی عمر بن الحمق نے مجھ سے بیان کی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس مومن نے کسی مومن کو اس کے خون کی امان دی اور اسے قتل کر دیا تو میں قاتل سے بری ہوں۔ اور امام احمدؒ نے بیان کیا ہے کہ یحییٰ بن سعید القطان نے بحوالہ حماد بن سلمہ ہم سے بیان کیا کہ عبدالملک بن عمیر نے بحوالہ رفاعہ بن شداد مجھ سے بیان کیا' وہ بیان کرتا ہے کہ میں مختار کے سر پر کھڑا ہوا کرتا تھا اور جب مجھے اس کا جھوٹ معلوم ہوا تو میں نے اپنی تلوار سونت کر اسے قتل کرنا چاہا تو مجھے وہ حدیث یاد آ گئی جو عمر بن الحمق نے ہم سے بیان کی تھی اس نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بیان کرتے سنا ہے کہ جس شخص نے کسی شخص کو اس کی جان کی امان دی اور اسے قتل کر دیا اسے قیامت کے روز خیانت کا جھنڈا دیا جائے گا' نسائی اور ابن ماجہ نے اسے کئی طریق سے عبدالملک بن عمیر سے روایت کیا ہے اور ان دونوں کے الفاظ میں ہے کہ جس نے کسی شخص کو خون کی امان دی اور اسے قتل کر دیا تو میں قاتل سے بری ہوں خواہ مقتول کافر ہی ہو۔

اور اس حدیث کی سند میں اختلاف پایا جاتا ہے اور حضرت ابن عمرؓ سے دریافت کیا گیا کہ مختار کا خیال تھا کہ اس پر وحی آتی ہے آپ نے فرمایا اس نے سچ کہا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (بلاشبہ شیاطین اپنے دوستوں کی طرف وحی کرتے ہیں) اور ابن ابی حاتم نے عکرمہ سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں' میں مختار کے پاس گیا تو اس نے میری عزت کی اور مجھے اپنے ہاں ٹھہرایا اور وہ رات کو میرے شبستان کی دیکھ بھال کرتا تھا اس نے مجھے کہا باہر نکل کر لوگوں سے بات کر' میں باہر نکلا تو ایک شخص نے آ کر کہا تو وحی کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ میں نے کہا وحی کی دو قسمیں ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿اِنَّا اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ
﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰی
بیان کرتا ہے انہوں نے مجھے پکڑنے کا ارادہ کیا تو میں نے کہا' تمہیں اس سے کیا! میں تمہا
چھوڑ دیا اور عکرمہ کا مقصد' مختار پر تعریض کرنا تھا اور اس نے اس کے اس دعویٰ کی تکذیب کی
اور طبرانی نے انیسہ بنت زید بن الارقم کے طریق سے روایت کی ہے کہ اس کا باپ
کہنے لگا اے ابو عامر کاش میں جبریل اور میکائیل کو دیکھتا' تو زید نے اسے کہا تو ناکام و نام
حقیر تر ہے اللہ اور اس کے رسول پر افترا کرنے والے! امام احمدؒ نے بیان کیا ہے کہ ابن ا
عوف الصدیق الناجی نے ہم سے بیان کیا کہ حجاج بن یوسف' حضرت اسماء بنت ابی بکر الص
کرنے کے بعد ان کے پاس گیا اور کہنے لگا آپ کے بیٹے نے اس گھر کی بے حرمتی کی

تاریخ طبری و دیگر تاریخی کتب سے سیدنا معاویہؓ، عمروؓ بن عاصؓ و دیگر صحابہؓ کے خلاف جھوٹی تاریخی روایات بیان کرنے والے مالک اشتر کو قاتل کیوں نہیں مانتے؟ سیدنا علیؓ فرماتے ہیں قاتلین عثمانؓ بیوقوف لوگ مجھ سے الگ ہو جائیں تو جو قاتلین الگ ہوئے ان میں مالک اشتر بھی تھا

قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ کا لشکر علی رضی اللہ عنہ سے اخراج:

سری نے شعیب وسیف کے حوالے سے محمد وطلحہ کا یہ بیان میرے پاس لکھ کر روانہ کیا کہ جب بصرہ والوں کے وفد کوفہ والوں کے پاس پہنچے اور حضرت قعقاع رضی اللہ عنہ ام المومنین رضی اللہ عنہا اور زبیر وطلحہ رضی اللہ عنہما سے مل کر واپس آ گئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ بھی صلح کے خواہاں ہیں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب لوگوں کو جمع فرمایا اور ایک خطبہ دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اللہ کی حمد وثنا اور حضورؐ پر درود کے بعد زمانہ جاہلیت اور اس کی بدبختی کا ذکر کیا پھر اسلام کی سعادت کا ذکر کیا اور اس کے بعد فرمایا:

''اس امت پر یہ بھی اللہ کا ایک انعام تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلیفہ اوّل کے ذریعہ اس امت کے اتحاد کو برقرار رکھا پھر خلیفہ دوئم اور سوئم کے زمانے میں بھی اسی طرح رہا۔ پھر یہ حادثہ پیش آیا اور مختلف قوموں نے اپنی دنیا طلبی کی خاطر امت میں پھوٹ ڈال دی اور ان لوگوں کو اس بات کا حسد تھا کہ اللہ تعالیٰ نے دوسرے لوگوں کو کیوں فضیلت عطا فرمائی۔ اس لیے یہ لوگ چاہتے تھے کہ زمانے کو پھر دور جاہلیت میں تبدیل کر دیں تاکہ ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت باقی نہ رہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنے حکم اور اپنے ارادے کو پورا کر کے رہتا ہے۔

خبردار! میں کل یہاں سے بصرہ کی جانب کوچ کروں گا۔ تم لوگ بھی میرے ساتھ کوچ کرو۔ اور ہمارے ساتھ کوئی ایسا شخص ہرگز نہ جائے جس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت میں کسی قسم کی معاونت کی ہو یا اس میں کسی قسم کا حصہ لیا ہو۔ یہ بے وقوف لوگ مجھ سے جدا ہو جائیں''۔

قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ کا مشورہ:

یہ اعلان سن کر وہ لوگ جنہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت میں حصہ لیا تھا یا قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ سے راضی تھے یکجا جمع ہوئے ان جمع ہونے والوں میں علباء بن الہیثم، عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ، سالم بن ثعلبۃ العبسی، شریح بن اوفی الضبیعہ اور اشتر نخعی شامل تھے۔ اور مصریوں کے ساتھ ابن السوداء اور خالد بن ملجم تھے۔ ان لوگوں میں باہم مشورہ ہوا۔ یہ لوگ کہنے لگے خدا کی قسم! یہ تو ایک ظاہری بات ہے کہ علی رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ کتاب اللہ سے واقف ہیں اس وجہ سے وہ لازماً ایک نہ ایک روز قرآن پر عمل کرتے ہوئے قاتلین سے قصاص کا مطالبہ کریں گے اور جس وقت وہ یہ مطالبہ کریں گے اس وقت کوئی مخالف نہ ہوگا اور ہماری تعداد دوسروں کے مقابلے میں کم ہو جائے گی اور وہ وقت ہوگا جب کہ علی رضی اللہ عنہ قوم پر جان دیں گے اور قوم ان پر جان دے گی اور جب ہماری تعداد اتنی بڑی کثرت کے مقابلے میں کچھ نہ ہوگی تو خدا کی قسم! تمہیں دھکے دے دیئے جائیں گے اور تمہیں کسی جگہ بھی نجات کی صورت نظر نہیں آئے گی۔

اشتر کس حیثیت سے سیدنا طلحہؓ کی توہین کر رہا تھا؟ اشتر کو دھمکی لگا کر بیعت کروا رہا تھا اگر ایسی روایت معاویہؓ کے کسی کمانڈر متعلق ہوتی تو جہلمی فرقے نے کہنا تھا بدمعاش پال رکھے تھے معاویہؓ نے؟ اب یہ بدمعاش کس نے پال رکھا تھا؟ جواب دیں یا پھر بتائیں اسطرح کی روایات صرف معاویہؓ متعلق ہی نظر آتی ہیں کیا؟ یہ بیان کون کرے گا؟

نوٹ: ہمارا مقصد صرف یہ بتانا ہے روایات تاریخ میں سب کے خلاف ہیں اس لیے صحیح سند کو دین بناؤ ورنہ کوئی نہیں بچے گا

تاریخ طبری
تاریخ الامم والملوک
جلد سوم
خلافت حضرت عمرؓ سے ... خلیفہ چہارم حضرت علیؓ تک
...یف:
علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ
نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی بیعت کی تو حبیب بن ...
نے کی تھی اس لیے حبیب بولا جس بیعت کی ابتداء کٹے ہاتھ سے ہو...
اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ مسجد تشریف لائے اور منبر پر...
تھے۔ سر پر خز کا عمامہ تھا اور پاؤں میں چپل تھے ہاتھ میں ایک کما...
کی۔

لوگ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر لائے۔ حضر...
نے فرمایا جب سب لوگ بیعت کرلیں گے تو میں بھی بیعت کرلوں گا...
اس کے بعد لوگ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو پکڑ کر لائے...
وہی جواب دیا جو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دیا تھا اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ...
میرے پاس کوئی ضامن نہیں ہے۔ اشتر نخعی نے کھڑے ہو کر عر...
علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہیں، انہیں چھوڑ دو میں نے ان کے بچپن سے...

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی بیعت:

محمد بن سنان القضرار نے اسحاق بن ادریس، ہشیم، ...
جنگلات میں سے ایک جنگل میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حضرت علی ... کرتے دیکھا۔

اشتر کی حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو دھمکی:

احمد بن زہیر نے، زہیر، وہب، جریر، یونس بن یزید الایلی کے ذریعہ زہری کا یہ قول بیان کیا ہے کہ جب لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی تو انہوں نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ کو بلوایا۔ طلحہ رضی اللہ عنہ نے بیعت سے پس و پیش کیا۔ مالک اشتر نخعی تلوار کھینچ کر کھڑا ہو گیا اور بولا خدا کی قسم! اے طلحہ رضی اللہ عنہ یا تو بیعت کر لے ورنہ میں یہ تلوار تیری پیشانی میں بھونک دوں گا۔ اس پر حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اس سے بھاگ کر کہاں جا سکتا ہوں اور اس کے بعد انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی۔ پھر زبیر رضی اللہ عنہ نے بیعت کی اور انہیں دیکھ کر اور لوگوں نے بھی بیعت کی۔ حضرت طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہما نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کوفہ و بصرہ کی امارت کی خواہش ظاہر کی اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم میرے ساتھ رہو تمہیں وہاں ضرور حاکم بنا کر بھیج دوں گا۔

زہری کہتے ہیں ہمیں یہ بھی خبر معلوم ہوئی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دونوں حضرات سے فرمایا کہ اگر تم چاہو تو میری بیعت کرلو اور اگر تم خود خلیفہ بننا چاہو تو میں تمہاری بیعت کے لیے تیار ہوں۔ انہوں نے جواب دیا نہیں ہم آپ کی بیعت کرتے ہیں۔ اس کے بعد طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے ہمیں اپنی جانوں کا خوف تھا اس لیے ہم نے علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی اور ہم یہ جانتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ ہماری بیعت کرنے والے نہیں یہ دونوں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چار ماہ بعد مکہ چلے گئے۔

نیزوں پہ قرآن اٹھانے والی جھوٹی کہانی سناتے ہو کبھی یہ بھی سنا دیا کرو کہ صفین کا حقیقی فاتح کون تھا

جب حضرت معاویہؓ نے اس وقت تک حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کرنے سے انکار کر دیا جب تک وہ قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ کو آپ کے سپرد نہ کریں' تو جو نقصان صفین میں ہوا ہم اسے پہلے بیان کر چکے ہیں' پھر معاملہ تحکیم کی طرف لوٹا اور جو کچھ حضرت عمرو بن العاص اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کا واقعہ ہوا ہے اسے ہم پہلے بیان کر چکے ہیں یعنی اہل شام کو بظاہر قوت وسربلندی حاصل ہوگئی اور حضرت معاوؓیہ کی بات بڑی ہوگئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اپنے اصحاب سے ہمیشہ اختلاف رہا یہاں تک کہ ابن ملجم نے آپ کو قتل کر دیا جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے' اس موقع پر اہل عراق نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی بیعت کر لی اور اہل شام نے حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی' پھر حضرت حسنؓ بلا ارادہ عراقی فوجوں کے ساتھ سوار ہوئے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ' شامی فوجوں کے ساتھ سوار ہوئے اور جب دونوں فریق آمنے سامنے ہوئے تو لوگوں نے دونوں کے درمیان صلح کروانے کی کوشش کی اور صورتِ حال یہ ہوگئی کہ حضرت حسنؓ نے اپنے آپ کو خلافت سے معزول کر دیا اور حکومت حضرت معاویہؓ بن ابی سفیان کے سپرد کر دی۔ اور حضرت معاوؓیہ کوفہ آئے اور وہاں بیعت کرنے کے بعد لوگوں سے ایک بلیغ خطاب کیا اور دور نزدیک اور مشرق ومغرب کی حکومتوں نے آپ سے عہد وپیمان لیے اور افتراق کے بعد ایک امیر پر اتفاق کرنے کی وجہ سے اس سال کا نام عام الجماعۃ رکھا گیا' حضرت معاویہؓ نے شام کی قضاء' فضالہ بن عبید کے سپرد کی پھر ان کے بعد ابوادریس خولانی کے سپرد کر دی۔ اور حمزہ بن قیس آپ کا پولیس افسر تھا اور سرحون بن منصور رومی آپ کا کاتب اور مشیر تھا۔ کہتے ہیں کہ آپ محافظ بنانے والے اور کتابوں کو اکٹھا کر کے ان پر مہر لگانے والے پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی حکومت میں نوعمر لوگوں کو اولیت دی۔

خوارج کی ایک پارٹی کا آپ کے خلاف بغاوت کرنا:

اس کا سبب یہ ہوا کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کوفہ آئے اور حضرت حسنؓ اور آپ کے اہل' حجاز جانے کے ارادے سے وہاں نکلے تو خوارج کی ایک پارٹی نے جو تقریباً پانچ سو تھے۔ کہا وہ آ گیا ہے جس میں کوئی شک نہیں' پس حضرت معاوؓیہ کی طرف چلو اور ان کے ساتھ جہاد کرو' پس وہ چل پڑے حتی کہ کوفہ کے قریب پہنچ گئے اور فروہ بن نوفل ان کا امیر تھا۔ حضرت معاویہؓ نے ان کے مقابلہ میں شامی سوار بھیجے تو انہوں نے شامیوں کو بھگا دیا اور حضرت معاویہؓ نے کہا' جب تک تم اپنے مصائب کو نہ روکو میرے پاس تمہارے لیے کوئی امان نہیں ہے' پس وہ خوارج کی طرف گئے تو خوارج نے انہیں کہا تم ہلاک ہو جاؤ تم کیا چاہتے ہو؟ کیا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ہمارے اور تمہارے دشمن نہیں؟ ہمیں چھوڑ دو تا کہ ہم ان سے جنگ کریں

کے مقابلہ میں تمہیں بے نیاز کر دیں گے اور اگر ہماری بیخ کنی ہوگئی تو تم ہمیں کفایت

سے جنگ نہ کریں ایسا نہیں ہوگا' خوارج نے کہا' اللہ ہمارے نہروانی بھائیوں پر رحم کرے

انہوں نے باہم جنگ کی اور اہل کوفہ نے ان کو شکست دی اور بھگا دیا' پھر حضرت

رضی اللہ عنہ کو کوفہ پر نائب مقرر کرنا چاہا تو حضرت مغیرہ بن شعبہؓ نے آپ سے کہا' آپ اسے

اور خود آپ شیر کے دونوں جبڑوں کے درمیان رہتے ہیں؟ اور انہوں نے آپ کو اس

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کر دیا' پس حضرت عمرو بن العاصؓ نے حضرت معاویہؓ

سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی گواہی

سیدنا علیؓ کے لیے صحابہ سے زبردستی بیعت لی گئی ، اب بنو امیہ کے خلاف تاریخ سے جھوٹی روایات تلاش کرنے والے اس روایت متعلق کیا کہیں گے؟

عہد نامہ:

عہد نامہ کی عبارت یہ تھی:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''یہ وہ تحریر ہے جس پر طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما اور ان کے تمام مسلمان ساتھیوں
صلح کی ہے جس مدت تک کے لیے یہ صلح ہوئی ہے اس وقت تک عثمان
قابض رہیں گے' اور جس حصہ پر طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما قابض ہیں اس پر وہ
قاصد کعب بن سور مدینہ سے واپس آجائیں اور دونوں فریق میں سے
نقصان نہیں پہنچایا جائے گا تاوقتیکہ کعب بن سور واپس نہ آجائیں
وزبیر رضی اللہ عنہ کو بیعت پر مجبور کیا تھا۔ تو بصرہ کی حکومت ان دونوں کی ہو
اپنی جماعت کے پاس چلے جائیں یا طلحہ رضی اللہ عنہ وزبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ شا
طلحہؓ وزبیر رضی اللہ عنہ نے خوشی سے بیعت کی تھی تو بصرہ کی حکومت عثمان رضی اللہ عنہ
ہوگا کہ خواہ وہ علی رضی اللہ عنہ کی اطاعت پر قائم رہیں یا بصرہ چھوڑ کر اپنی جماعت کے پاس چلے جائیں اور بصرہ کے تمام
مسلمان اس شخص کے ساتھ ہوں گے جو کامیاب ہوگا''۔

کعب کی مدینہ آمد:

کعب بصرہ سے چل کر مدینہ پہنچے۔ لوگ ان کی آمد کی وجہ سے جمع ہوگئے۔ یہ مدینہ جمعہ کے روز پہنچے تھے کعب نے کھڑے ہو کر سوال کیا۔ اے اہل مدینہ میں اہل بصرہ کی جانب سے تمہارے پاس قاصد بن کر آیا ہوں اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس جماعت نے طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما کو علی رضی اللہ عنہ کی بیعت پر مجبور کیا تھا یا انھوں نے برضاء ورغبت بیعت کی تھی۔

حضرت اسامۃ بن زید رضی اللہ عنہما کا جواب:

تمام قوم میں سے کسی نے بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ صرف اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ دونوں سے زبردستی بیعت لی گئی ہے۔ یہ سن کر تمام نے انہیں مارنے کا حکم دیا اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی انہیں مارنے کے لئے جھپٹے حضرت صہیب بن سنان اور حضرت ابوایوب بن زید رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ کے ساتھ انہیں بچانے کے لئے آگے بڑھے اور حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے جب یہ دیکھا کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی جان کا خطرہ ہے تو انہوں نے فرمایا خدا کی قسم ان دونوں سے زبردستی بیعت لی گئی ہے۔ یہ سن کر لوگ اسامہ رضی اللہ عنہ کو چھوڑ کر علیحدہ ہوگئے۔

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور انہیں اپنے گھر لے گئے اور ان سے فرمایا' اے اسامہ رضی اللہ عنہ کیا تم نہیں جانتے کہ ام عامر ایک احمق عورت ہے کیا تم ہماری طرح خاموش نہ رہ سکتے تھے۔

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم یہ نہیں ہوسکتا تھا۔ میں ان نتائج کو دیکھ رہا تھا جہاں یہ خلافت ہمیں پہنچا رہی ہے اور تم بھی دیکھ رہے ہو کہ ہم ایک زبردست مصیبت میں مبتلا ہو چکے ہیں۔

محمد بن ابی بکر نے کہا اللہ عثمانؓ اور اس سے محبت کرنے والوں کو پیاسا مارے گا، سیدنا معاویہؓ کے خلاف اسی طبری سے جعلی روایات پیش کرنے والے یہ سب کیوں نہیں عوام کو بتاتے؟

وہ بہت دیر تک مخالفوں سے جنگ کرتا رہا حتیٰ کہ مارا گیا۔

...شکر لے کر محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی جانب بڑھے لیکن محمد کے ساتھیوں کو کنانہ کے قتل
...ئے اور محمد کے ساتھ اس کے ساتھیوں میں سے چند آدمی باقی رہ گئے۔ جب محمد نے
...ور شہر کی گلیوں میں جان بچانے کے لیے بھاگتا رہا حتیٰ کہ ایک گلی کے نا... یک ٹوٹا
...لعاص رضی اللہ عنہ فسطاط شہر میں داخل ہو گئے۔

...مد کو تلاش کرنا شروع کیا حتیٰ کہ بازار میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا اور ان سے
...ہے جسے تم برا سمجھتے ہو ان میں سے ایک شخص نے جواب دیا۔ نہیں خدا کی قسم یہاں
...ں اندر گیا تھا تو میں نے اس میں ایک شخص بیٹھا ہوا دیکھا اس پر ابن خدیج رضی اللہ عنہ نے
...اس کی تلاش میں چلے اور اس ٹوٹے ہوئے مکان میں پہنچے اور وہاں سے محمد کو پکڑ کر
باہر لائے۔ وہ پیاس سے مر رہا تھا۔ یہ لوگ اسے پکڑ کر فسطاط لے کر آئے۔

عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کی سفارش:

جب عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما نے اپنے بھائی کو گرفتار دیکھا تو وہ بھاگ کر عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے عمرو رضی اللہ عنہ اس وقت لشکر میں تھے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا کیا میرا بھائی اسی طرح بندھا ہوا قتل کر دیا جائے گا تم معاویہ بن خدیج رضی اللہ عنہ کے پاس آدمی بھیج کر اس کے قتل سے روک دو عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے فوراً آدمی بھیجا کہ محمد کو میرے پاس لے کر آ جاؤ۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہلوایا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تم کنانہ کو قتل کر دو اور میں محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دوں۔ افسوس:

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُولَئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ.

''کیا تمہارے منکران سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے صحیفوں میں برأت لکھ دی گئی ہے''۔

